# 11- ٹکسٹائل

ہم نے دیکھا ہے کہ کپڑے یا ریشے کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ایک ہی قسم کے بنے کپڑے کے لباس بھی کئی طرح کے ہوتے ہیں۔ ہر ایک الگ الگ ڈیزائن اور الگ الگ رنگ کے ہوتے ہیں۔آیئے جانتے ہیں کے کپڑوں کو اور خوبصورت کیسے بنائیں۔

مقاصد:

1) کپڑوں پر کی جانے والی سجاوٹ کا مطلب سمجھنا۔ 2) کپڑوں پر سجاوٹی رنگوں اور الگ الگ طرح کی شکلوں والی پرنٹ کو سمجھنا۔

آیئے مباحثہ کریں:

1) کپڑوں کو خریدتے وقت کونسی باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

آپ جانتے ہیں کہ ٹکسٹائل لفظ کے معنی کیا ہے۔مختلف قسم کے ریشوں دھاگوں اور کپڑوں کے بارے میں مکمل معلومات ہے۔ٹکسٹائل سے بنی چیزوں میں مزید نکھار پیداء کرنے اور انھیں خوشنما بنانے کے لئے فنشنگ کی جاتی ہے۔یعنی فنشنگ اس اہتمام کا نام ہے جو کپڑوں میں نکھار پیدا کرے اور دیکھنے میں خوش نما لگے اور چھو کر دیکھنے میں ایک انوکھا احساس پیداء کرے۔اس کا مقصد ہے کپڑوں کو اس کے مختلف قسم کے ملوں میں بہت سارے عمل کیے جاتے ہیں۔مثال کے طور پر کپڑوں کو دھویا جاتا ہے۔اور پریس کیا جاتا ہے۔اور کچھ کیمیکلی طریقے ہوتے ہیں۔جیسے: رنگائی' پرنٹنگ وغیرہ۔یعنی کپڑوں کو زیادہ سے زیادہ خوبصورت بنانا شامل ہوتا ہے۔

سرگرمی 1: بلاک پرنٹنگ

آپ نے کئی طرح کے ڈیزائن والے کپڑے دیکھے ہونگے۔کئی کپڑوں میں بلاک پرنٹنگ ہوتی ہے۔اب ہم یہاں اپنے گھر میں ملنے والے ترکاریوں یا معمولی چیزوں سے بلاک پرنٹنگ کرنا سیکھیں۔

اشیاء: 25x25 سنٹی میٹر کا سفید رنگ کا کپڑا' پوسٹر' کلر' پنٹنگ برش' پلیٹ' بھینڈی' شملہ مرچ' اور آلو کا ایک ایک تکڑا اور باہر پڑی کچھ سوکھی یا نرم پتیاں۔

طریقہ عمل:

1) ایک پلیٹ لیں اور اس میں کوئی بھی پوسٹر کلر گھول لیں۔
2) کپڑے کا تکڑا لیں اور اسے کسی سطح جگہ پر بچھا دیں۔خیال رکھیں کے کپڑا کہیں سے مڑا نہ ہو۔
3) اب بھینڈی' شملہ مرچ' آلو لیں اور ان کو درمیان سے کاٹ دیں۔
4) پینٹنگ برش سے ترکاری کے کٹے ہوئے حصے پر اچھے سے رنگ لگائیں۔
5) اب اس رنگ لگے ترکاری کے تکڑے کو سفید کپڑے پر چھاپ کر پسندیدہ ڈیزائن بنایئے۔خیال رکھیں کہ کپڑے پر رنگ ٹھیک سے لگے۔
6) اپنے ڈیزائن کو زیادہ دلچسپ بنانے کے لیئے آپ پتوں کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

کپڑوں کو رنگنے کے لیئے ونسپتی یا قدرتی رنگوں کا استعمال کیا جاتا تھا۔پھر سنتھٹک رنگوں کی دریافت (1856) میں ہوئی۔

اہم الفاظ: کپڑوں کی فنشنگ' ٹکسٹائل' بلاک پرنٹنگ۔